پشاور ہائی کورٹ، ایبٹ آباد بینچ

ضروری معلومات و ہدایات برائے اُمیدواران

1۔ پشاور ہائی کورٹ، ایبٹ آباد بینچ میں درجہ چہارم کی اسامیوں **(نائب قاصد** اور **چوکیدار)** پر بھرتی کے لئے درخواستیں دینے والے امیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہر خالی آسامی کے لئے دو(2) فہرستیں حسب زیل شائع کی جا رہی ہیں۔

- **اہل اُمیدواران کی فہرست (LIST-A)** :
  (نامکمل کوائف والے درخواست دہندگان شامل ہیں)۔
- **نااہل اُمیدواران کی فہرست (LIST-B) :**
  (جو مطلوبہ اہلیت ، مقررہ کوٹہ یا زونل پالیسی پر پورا نہیں اترتے ہیں)۔

درخواست میں کمی کو پورا کرنے / نااہلیت پر اعتراض دائرکرنے کاطریقہ کار

1. **فہرست "A"** کے وہ اُمیدواران، جن کی درخواست میں کمی متعلقہ کالم میں درج ہو گی، کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ کمی مورخہ **31.03.2026** دن **12:00** بجے سے پہلے درست کروا سکتے ہیں۔ مذکورہ امیدواران اپنی مطلوبہ سکین شدہ دستاویزات، آن لائن درخواست کی نقل کے ساتھ مورخہ **31.03.2026** دن **12:00** بجے سے پہلے ایڈیشنل رجسٹرار ، ایبٹ آباد بینچ کے آفیشل ای۔میل (ar.atdbench@gmail.com) پر بھیجیں۔
   i. ذاتی طور پر یا ڈاک کے ذریعے جمع کرائی گئی کوئی بھی درخواست قبول نہیں کی جائے گی اور نہ ہی اس پر غور کیا جائے گا۔

ii. مقررہ مدت میں مذکورہ کمی کو پورا نہ کرنے کی صورت میں ان کی درخواست نامکمل تصور ہو گی اور انہیں سکریننگ یا دیگر ٹیسٹ اور انٹرویوز میں حاضر ہونے کی اجازت نہیں ہو گی۔

1. **<u>فہرست- B میں شامل امیدوارن</u>** ، متعلقہ کالم میں درج شدہ وجوہات کی بنا پر مطلوبہ اہلیت پر پورا اترتے **نہیں** پائے گئے ہیں۔ تاہم، اگر مذکورہ اُمیدواران کو آسامی مذکورہ کے لئے نااہلیت پر کوئی اعتراض ہوا تو وہ مورخہ **31.03.2026** (دفتری اوقات کے دوران) تک اپنی نااہلیت کے بارے میں اعتراض/درخواست بمعہ اصل دستاویزات متعلقہ اور آن لائن درخواست کی نقل کے دفتر ایڈیشنل رجسٹرار، ایبٹ آباد بینچ بذریعہ آفیشل **ای۔میل** (ar.atdbench@gmail.com) بھیج سکتے ہیں۔

i. ذاتی طور پر یا ڈاک کے ذریعے جمع کرائی گئی کوئی بھی درخواست قبول نہیں کی جائے گی اور نہ ہی اس پر غور کیا جائے گا۔

ii. مقررہ مدت میں درخواست / اعتراض دائر نہ کرنے کی صورت میں ان امیدواران کو فہرست"B" میں بیان کردہ وجوہات کی بنا پر نااہل سمجھا جائے گا اور انہیں ٹیسٹ اور انٹرویو میں شرکت کی اجازت نہیں ہو گی۔

iii. اہلیت کے حوالے سے معقول جواز کے بغیر درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔

2. ضلع ایبٹ آباد کے علاوہ دیگر اضلاع کے امیدواروں کو، اگر ان میں سے کوئی تحریری درخواست کرے تو، ویڈیو لنک (ZOOM/WHATSAPP) کے ذریعے سنا جا سکتا ہے۔

i. ویڈیو لنک میٹنگ کے ذریعے سماعت کی استدعا امیدوار کی درخواست/اعتراض بابت نااہلی میں واضع درج ہونی چاہیے۔

ii. درخواست میں فعال موبائل/ واٹس ایپ نمبر اور ای۔میل کا اندراج ہونا لازمی ہے۔

iii. جن امیدواروں نے ایک سے زیادہ پوسٹ کے لیے درخواست دی ہے ان کی سماعت ایک ہی میٹنگ میں کی جائے گی۔

3. درخواستوں کی سماعت اور ویڈیو لنک میٹنگ کا شیڈول اور طریقہ کار مورخہ **05.04.2026** تک پشاور ہائی کورٹ، ایبٹ آباد بینچ کی ویب سائٹ پر جاری کیا جائے گا۔

4. امیدواران کے اعتراضات کا حتمی فیصلہ ڈیپارٹمنٹل سلیکشن کمیٹی کرے گی۔

5. ہر زمرے کے عہدوں کے لیے اہل اُمیدواران کی **حتمی فہرست (FINAL LIST)** ڈیپارٹمنٹل سلیکشن کمیٹی کی منظوری کے بعد پشاور ہائی کورٹ ایبٹ آباد بینچ کی آفیشل ویب سائٹ پر شائع کی جائیں گی۔

6. **حتمی فہرست (FINAL LIST)** میں نام کی موجودگی کا مطلب امیدوار کی اہلیت تصور نہیں ہو گا اور کوئی بھی عنصر جو امیدوار کی نااہلی کا باعث بنتا ہے، اگر بعد میں ظاہر ہوا ، تو اسے نااہل قرار دیا جائے گا، اور اسکریننگ/تحریری امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

7. سکریننگ ٹیسٹ وغیرہ کے لیے شیڈول کا اعلان اہل اُمیدواران کی فائنل فہرست ہائے (FINAL LISTS) جاری کرنے کے ساتھ پشاور ہائی کورٹ ایبٹ آباد بینچ کی ویب سائٹ پر مشتہر کیا جائے گا۔

8. فائنل فہرست (FINAL LIST) اسکریننگ ٹیسٹ کے اہل امیدواروں کے لیے اطلاع بھی تصور ہو گی۔ تحریری امتحانات اور انٹرویو کی اطلاع ایس۔ایم۔ایس یا ای۔میل کے ذریعے بھی جاری کی جائے گی۔

9. امیدواران کے لیے تمام جاری کردہ شیڈولز میں اوقات کار کی پابندی لازمی ہو گی۔

10. مزید معلومات کے لیے امیدوار ٹیلی فون نمبر 0992-921058 پر دفتری اوقات میں رابطہ کر سکتے ہیں۔

ایڈیشنل رجسٹرار،

پشاور ہائی کورٹ، ایبٹ آباد بینچ